روزی میں برکت کا وظیفہ

مجیب: مولانا محمد ابوبکر عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-1876

تاریخ اجراء: 19 محرم الحرام 1445ھ/07 اگست 2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

مجھے کوئی وظیفہ بتادیں جس کے کرنے سے اللہ تعالیٰ میرے لیے روزی میں آسانی کر دے، میں بہت تنگ دست ہوں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

رزق میں اضافے کا ایک بے مثال وظیفہ کتب میں مذکور ہے۔ جب صبح صادق طلوع ہو جائے تو یہ تسبیح سو مرتبہ پڑھیں: "سُبۡحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمۡدِہٖ، سُبۡحَانَ اللّٰہِ الۡعَظِیۡمِ، اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہَ" اول، آخر، دس دس مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

کوشش کریں، صبح صادق ہوتے ہی یہ تسبیح پڑھ لیں، ورنہ حتی الامکان فجر کی سنتوں سے پہلے پڑھ لیں لیکن اس کی وجہ سے جماعت میں خلل نہ پڑے، اگر بیچ میں جماعت قائم ہو جائے تو جماعت میں شریک ہو جائیں اور باقی تعداد بعد میں پوری کریں۔

چنانچہ الخصائص الکبری میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے "أن رجلا قال یارسول الله إن الدنیا أدبرت عني وتولت قال له فأین أنت من صلاة الملائکة وتسبیح الخلائق وبه یرزقون قل عند طلوع الفجر سبحان الله وبحمده سبحان الله العظیم استغفر الله مائة مرة تأتیك الدنیا صاغرة فولی الرجل فمکث ثم عاد فقال یارسول الله لقد اقبلت علي الدنیا فما ادري أین أضعها" یعنی: ایک صحابی نے عرض کی: یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ! دنیا نے مجھ سے پیٹھ پھیر لی۔ فرمایا: کیا وہ تسبیح تمہیں یاد نہیں جو تسبیح ہے فرشتوں اور مخلوق کی جس کی بَرَکت سے روزی دی جاتی ہے، جب صبحِ صادق طلوع ہو تو یہ تسبیح ایک سو بار پڑھا کرو، "سُبۡحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمۡدِہٖ، سُبۡحَانَ اللّٰہِ الۡعَظِیۡمِ، اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہَ" دنیا تیرے پاس ذلیل ہو کر آئے

گی۔ وہ صحابی چلے گئے کچھ مدّت ٹھہر کر دوبارہ حاضر ہوئے، عرض کی: یارسول اللہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ! دنیا میرے پاس اس کثرت سے آئی، میں نہیں جانتا کہ اس کو کہاں رکھوں۔ (الخصائص الکبریٰ، جلد2، صفحہ299، دارالکتب العلمیۃ، بیروت)

اعلیٰ حضرت رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: "اس تسبیح کا وِرد حتَّی الامکان طُلوعِ صبحِ صادِق کے ساتھ ہو، ورنہ (سنت) صبح سے پہلے، جماعت قائم ہو جائے تو اُس میں شریک ہو کر بعد کو عَدد پورا کیجئے اور جس دن قبلِ نماز بھی نہ ہو سکے تو خیر طُلوعِ شمس (یعنی سورج نکلنے) سے پہلے۔" (ملفوظات اعلی حضرت، حصہ 01، ص 128، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

فتاوی رضویہ میں ہے "خاص طلوع صبح صادق کے وقت، اور نہ ہو سکے تو حتی الامکان سنتِ صبح سے پہلے سوبار روزانہ پڑھیں۔۔۔ اول آخر درود شریف ۱۰، ۱۰ بار۔ اس کا ورد ہمیشہ رہے۔ اول وقت پڑھنے کی کوشش ہو مگر اس کے سبب جماعت میں خلل نہ پڑے۔ اگر آنکھ دیر میں کھلے سنتیں پڑھ کر اسے شروع کریں، اگر بیچ میں جماعت قائم ہو شریک ہو جائیں، باقی عدد بعد میں پُورا کریں۔" (فتاوی رضویہ، ج 23، ص 558، 557، رضا فاونڈیشن، لاہور)

<u>نوٹ</u>: رزق میں تنگی کے اسباب اور رزق میں برکت واضافے کے وظائف کی معلومات کے لیے درج ذیل لنک پر موجود سیدی امیر اہلسنت ابو بلال محمد الیاس عطار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کا رسالہ ملاحظہ فرمائیں:

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/chirya-aur-andha-sanp

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم